ONE VOICE
FELLOWSHIP

# Worship Service

**February 28, 2021**

## Prelude | Welcoming One Another

*English*

**I love you with the love of the Lord**

I love you with the love of the Lord
Yes, I love you with the love of the Lord
I can see in you the glory of my King
Yes, I love you with the love of the Lord

**Jesus, I lift Your Name Higher**

**Chorus:**
Jesus, I lift your name higher
  I lift Your name higher (ALL)
Jesus, I lift your name higher
  I lift Your name higher (ALL)
Jesus, I lift your name higher
  I lift Your name higher (ALL)
For you're worthy of my praise
Jesus, I lift Your name higher

When I look back through the years
There is nothing I can compare
To the grace and mercy I've been shown
Except to sing of your greatness
You are my Redeemer, my all in all,

Chorus (x2)

I lift your name higher

## Song of Praise | Psalm 27

*English*

Of this I am sure
I will see God's goodness
My soul will rest in
the land of the living
Be strong in the Lord

**Chorus:**
The Lord is my light
And my salvation
Whom shall I fear?
Shall I be afraid?
The Lord is my life

One thing I need
One thing I ask you
To dwell in your house
Each day of my life
Delighting in you

Chorus (x2)

In trouble time
He keeps me secure
He covers me
He lights my head
Above the storm

## Call to Worship | Psalm 27

**Jorge & Sonia** | *Spanish & English*

**زبور27: 1-14**

1داؤد کا زبور۔
رب میری روشنی اور میری نجات ہے، میں کس سے ڈروں؟ رب میری جان کی پناہ گاہ ہے، میں
کس سے دہشت کھاؤں؟

1 The Lord is my light and my salvation; whom shall I fear?

**All: The Lord is the stronghold of my life; of whom shall I be afraid?**

4 رب سے میری ایک گزارش ہے، میں ایک ہی بات چاہتا ہوں۔ یہ کہ جیتے جی رب کے گھر میں
رہ کر اُس کی شفقت سے لطف اندوز ہو سکوں، کہ اُس کی سکونت گاہ میں ٹھہر کر محوِ خیال رہ
سکوں۔

4 One thing have I asked of the Lord, that will I seek after:

**that I may dwell in the house of the Lord all the days of my life, to gaze upon the beauty of the Lord and to inquire in his temple.**

10 کیونکہ میرے ماں باپ نے مجھے ترک کر دیا ہے، لیکن رب مجھے قبول کر کے اپنے گھر میں
لائے گا۔

**10** Though my father and my mother have forsaken me, but the Lord will take me in.

11 اے رب، مجھے اپنی راہ کی تربیت دے، ہموار راستے پر میری راہنمائی کر تاکہ اپنے دشمنوں سے
محفوظ رہوں۔

**11 All: Teach me your way, O Lord, and lead me on a level path because of my enemies.**

12 مجھے مخالفوں کے لالچ میں نہ آنے دے، کیونکہ جھوٹے گواہ میرے خلاف اُٹھ کھڑے ہوئے ہیں
جو تشدد کرنے کے لئے تیار ہیں۔

12 Give me not up to the will of my adversaries; for false witnesses have risen against me, and they breathe out violence.

13 لیکن میرا پورا ایمان یہ ہے کہ میں زندوں کے ملک میں رہ کر رب کی بھلائی دیکھوں گا۔

**13 I believe that I shall look upon the goodness of the Lord in the land of the living!**

14 رب کے انتظار میں رہ! مضبوط اور دلیر ہو، اور رب کے انتظار میں رہ!

**14** (*English*): Wait for the Lord; be strong, and let your heart take courage; wait for the Lord!

## Opening Prayer

**Clément** | *Swahili & English*

## Scripture Reading | Ephesians 1:3-14

**Mike** | *Arabic*

**اِفسیوں 1: 3-14**

3 خدا ہمارے خداوند عیسیٰ مسیح کے باپ کی حمد و ثنا ہو! کیونکہ مسیح میں اُس نے ہمیں آسمان پر ہر
روحانی برکت سے نوازا ہے۔ 4 دنیا کی تخلیق سے پیشتر ہی اُس نے مسیح میں ہمیں چن لیا تاکہ ہم
مقدّس اور بے عیب حالت میں اُس کے سامنے زندگی گزاریں۔

یہ کتنی عظیم محبت تھی! 5 پہلے ہی سے اُس نے فیصلہ کر لیا کہ وہ ہمیں مسیح میں اپنے بیٹے بیٹیاں بنا
لے گا۔ یہی اُس کی مرضی اور خوشی تھی 6 تاکہ ہم اُس کے جلالی فضل کی تمجید کریں، اُس مفت
نعمت کے لئے جو اُس نے ہمیں اپنے پیارے فرزند میں دے دی۔ 7 کیونکہ اُس نے مسیح کے خون
سے ہمارا فدیہ دے کر ہمیں آزاد اور ہمارے گناہوں کو معاف کر دیا ہے۔ اللہ کا یہ فضل کتنا وسیع
ہے 8 جو اُس نے کثرت سے ہمیں عطا کیا ہے۔

اپنی پوری حکمت اور دانائی کا اظہار کر کے 9 اللہ نے ہم پر اپنی پوشیدہ مرضی ظاہر کر دی، یعنی وہ
منصوبہ جو اُسے پسند تھا اور جو اُس نے مسیح میں پہلے سے بنا رکھا تھا۔ 10 منصوبہ یہ ہے کہ جب
مقررہ وقت آئے گا تو اللہ مسیح میں تمام کائنات کو جمع کر دے گا۔ اُس وقت سب کچھ مل کر مسیح
کے تحت ہو جائے گا، خواہ وہ آسمان پر ہو یا زمین پر۔

11 مسیح میں ہم آسمانی بادشاہی کے وارث بھی بن گئے ہیں۔ اللہ نے پہلے سے ہمیں اِس کے لئے
مقرر کیا، کیونکہ وہ سب کچھ یوں سرانجام دیتا ہے کہ اُس کی مرضی کا ارادہ پورا ہو جائے۔ 12 اور وہ
چاہتا ہے کہ ہم اُس کے جلال کی ستائش کا باعث بنیں، ہم جنہوں نے پہلے سے مسیح پر اُمید رکھی۔

13 آپ بھی مسیح میں ہیں، کیونکہ آپ سچائی کا کلام اور اپنی نجات کی خوش خبری سن کر ایمان
لائے۔ اور اللہ نے آپ پر بھی روح القدس کی مہر لگا دی جس کا وعدہ اُس نے کیا تھا۔ 14 روح
القدس ہماری میراث کا بیعانہ ہے۔ وہ ہمیں یہ ضمانت دیتا ہے کہ اللہ ہمارا جو اُس کی ملکیت ہیں فدیہ
دے کر ہمیں پوری مخلصی تک پہنچائے گا۔ کیونکہ ہماری زندگی کا مقصد یہ ہے کہ اُس کے جلال کی
ستائش کی جائے۔

## Song of Praise | Jalali Yesu

*Urdu*

You are full of grace and truth (men)
You are full of grace and truth (women)
Jalali Yesu (men)
Jalali Yesu (women)

**Chorus:**
Jalali Yesu (men)
Jalali Yesu (women)

You are great and you are good (men)
You are great and you are good (women)
Jalali Yesu (men)
Jalali Yesu (women)

Chorus (x4)

You are glorious
Over all the earth (3x)
You are glorio-o-o-us!

You are making all things new (men)
You are making all things new (women)
Jalali Yesu (men)
Jalali Yesu (women)

## Tithes & Offerings

**Jorge & Abrham**

Give online at:

- ChurchCenter mobile app
- onevoicefellowship.org/give

## Praying Together as a Family

**Yaovi** | *In our own languages*

## Sermon

**Chris Sicks** | *English*

خطبہ صفحہ 4 پر آپ کی زبان میں ہوگا

## Respond in Song | Jesus, I lift Your Name Higher

*Many Languages*

**Chorus:**
Jesus, I lift your name higher
I lift Your name higher (ALL)
Jesus, I lift your name higher
I lift Your name higher (ALL)
Jesus, I lift your name higher
I lift Your name higher (ALL)
For you're worthy of my praise
Jesus, I lift Your name higher

When I look back through the years
There is nothing I can compare
To the grace and mercy I've been shown
Except to sing of your greatness
You are my Redeemer, my all in all,

Chorus (x2)

I lift your name higher

## Communion

**Chris Sicks** | *English*

**Who can participate in the Lord's Supper?**

The Lord's Supper is a sacrament—a holy interaction between God and His people. It celebrates the spiritual union that Christians have with Christ. It is also called communion, because it strengthens the community we share with every brother and sister who trust in Jesus alone for salvation.

God's Word warns us that "Whoever eats the bread or drinks the cup of the Lord in an unworthy manner will be guilty concerning the body and blood of the Lord." (1 Corinthians 11:27) We must think carefully about this sacrament. It is only for those who:

1. have examined their conscience,
2. who truly understand the nature of the body of Christ,
3. who have committed their entire life to following Him,
4. who are members of a bible-believing church.

Before you come to the table you must first come to Jesus in faith!

We are not to judge people's hearts. Ask the Holy Spirit to examine your heart. If you are not sure about your relationship with Christ, do not participate in the sacrament. Instead, please let us pray for you. We love you and want you to join our community! But first you must be joined to Christ. Our leaders are available to talk and pray with you, to help you on your journey.

*"If you confess with your mouth that Jesus is Lord and believe in your heart that God raised him from the dead, you will be saved. For with the heart one believes and is justified, and with the mouth one confesses and is saved."* (Romans 8:9-10)

## Prayer of Thanks

**Mamatili** | *Uyghur*

## We Respond, Rejoice, and Reach
## *Our promise as a church*

Chris Sicks | *English*

ALL:
By the power of the Holy Spirit,
we live in harmony with our brothers and sisters in Christ's Body.
We worship and glorify God the Father together with one voice.
And we welcome our neighbors as Christ welcomed us, for the glory of God.

## Benediction

Chris Sicks | *English*

---

# کا کلام:
# قوت کے لئے دُعا

پیغام: Sunday, February 28, 2021

پادری کرس سکیس

### تعارف:

جیسا کے ہم ہفتہ وار پرستش کرنا جولائی کے مہینے میں شروع کرینگے۔ہم اپنے معاشرے میں اور ایک کلیسیائی خاندان کے طور پراپنے ایک چھوٹے سے معشارے ۔ہم افسیوں کی کتاب میں وقت گزار رہے ہیں ۔کیونکہ یہاں پر کلیسیا کےلئے بہت سی باتیں ہیں،اِس بارے میں کہ ہم نے ایک دوسرے سے پیار کر ناہے اور اُس کے نام کو جلال دینا ہے۔

آج ہم افسیوں 3:14-21 میں دیکھیں گے۔میں انگریزی میں آیات پڑھوں گا اور پھر دعا کروں گا ۔ اگر آپ کے پاس آپ کی اپنی زبان میں اس کلام کا ترجمہ موجود ہے تو آپ ضرور اپنی زبان میں اسے دیکھیں جب آپ مجھےپڑھتے ہوئے سنیں۔

### بائبل پڑھنا

### خاکہ

**1۔ آپ کاخدا آپ کو برکت دینا چاہتا ہے۔**

**2۔باپ کس طرح کلیسیا کو برکت دیتا ہے۔**

**3۔ہم دعا کیوں کرتے ہیں۔**

## 1۔ آپ کاخدا آپ کو برکت دینا چاہتا ہے۔

**آیت 14: اس سبب سے میں اُس باپ کے آگےگھٹنے ٹیکتا ہوں۔**

پولس افسس کی کلیسیا کےلئے دعا کرتا ہے وہ اپنے پورے دل سے دعا کریں ۔ہم جانتے ہیں کیونکہ وہ گھٹنوں کہ بل دعا کرتا ہے۔دوہزار سال پہلے یہ دعا کرنے کا کوئی بہت مشہور طریقہ نہیں تھا ۔یہودیوں میں زیادہ تر لوگ کھڑے ہو کر دعا کرتے تھے۔لیکن کبھی کبھی جب وہ خدا کی حضوری کی شدت کومحسوس کرتے تھےتب وہ گھٹنوں کے بل ہو جاتے تھے۔یہاں پر دو مثالیں ہیں۔

### عزرا9: 5-6

*عزرا9:5-6 "اور شام کی قربانی کے وقت میں اپنا پھٹا پیراہن پہنے اور اپنی پھٹی چادر اوڑھے ہوئے اپنی شرمندگی کی حالت سے اٹھا اور*
*اپنے گھٹنوں پر گر کر خدا وند اپنے خدا کی طرف ہاتھ پھیلائے۔6۔اور کہا اے میرے خدا میں شرمندہ ہوں اور تیری طرف اے*
*میرے خدا اپنا منہ اٹھاتے مجھےلاج آتی ہے کیونکہ ہمارے گناہ بڑھتے بڑھتے ہمارےسر سے بلند ہو گئے اور ہماری خطا کاری آسمان تک*
*پہنچ گئی ہے۔"*

### لوقا22: 41-44

*لوقا 22:41-44 "اور وہ ان سے بمشکل الگ ہو کر کوئی پتھر کا ٹپہ آگے بڑھا اور گھٹنے ٹیک کر یوں دعا کرنے لگا کہ ۔42۔ اے*
*باپ اگر تو چاہے تو یہ پیالہ مجھ سے ہٹالے تو بھی میری مرضی نہیں بلکہ تیری ہی مرضی پوری ہو۔43۔اور آسمان سے ایک فرشتہ*

اس کو دیکھائی دیا۔وہ اسے تقویت دیتا تھا۔44۔پھر وہ سخت پریشانی میں مبتلا ہو کر اور بھی دل سوزی سے دعا کرنے لگا اور اس کا پسینہ گویا خون کی بڑی بڑی بوندیں ہو کر زمین پر ٹپکتا تھا"۔

افسیوں 14:3 میں پولس ہمیں بتاتا ہے کہ وہ گھٹنوں پر بیٹھ کر پورے دل سے دعا کرتا ہے،اس کا دعا کرنے کا جذبہ اس وجہ سے ہے کہ جو کچھ اس نے افسیوں 1-3 باب میں لکھا ہے۔وہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ خدا نے ہمیں بلایا ہے اپنایا ہے ہمارے گناہوں کو معاف کیا ہے۔اور ہمیں بچایا ہے۔اس نے نہ صرف ایک ہی زبان یا معاشرے کے لوگوں کو بچایا ہے، بلکہ ہم سب کو بھی۔ اس نے نہ صرف اچھے لوگوں کو بچایاہے بلکہ گنا ہگاروں کو بھی جو ہماری طرح ہیں ۔ اس نے ہمیں دوبارہ زندہ کیا ہے کیونکہ ہم روحانی طور پر مر چکے تھے اور آسمان میں ہمارے لئے ایک مقام رکھا ہے مسیح کے ساتھ جہاں ہم ہمیشہ کے لئے خدا کے ساتھ رہیں گے۔پولس خدا کی قدرت اور بھلائی سے اتنا زیادہ حیران ہے کہ وہ گھٹنوں پر بیٹھ کر دعا کرتا ہے۔

**15 ۔جس سے آسمان اور زمین کا ہر ایک خاندان نامزد ہے۔**

ہم کلام مقدس میں پڑھتے ہیں کہ جب یسوع نے دعا کی اس نے اپنے باپ سے دعا کی اور ہمیں بھی سکھایا کہ کس طرح آسمانی باپ سے دعا کرنی ہے۔جیسا کہ ہم نے اپنی آج کی دعا کے شروع میں کیا۔دنیا کے بہت سارے معاشروں میں بچے باپ سے اپنا نام حاصل کرتے ہیں۔آپ کانام بتاتا ہے کہ آپ کس خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔

ہر ایک خاندان اپنی الگ شناخت اور نام سے پہچانا جاتا ہے کیونکہ ہم سب کے مختلف دنیاوی باپ ہیں۔ آپ انہیں دیکھ کر ہی ان کے بارےمیں بتا سکتے ہیں ۔وہ سب مختلف رنگ،آنکھیں،بال اور کھال رکھتے ہیں۔

لیکن آیت نمبر 15 میں پولس ہمیں بتاتا ہے کہ ہمارا ایک آسمانی باپ ہے جس کے پاس یہ حق ہے کہ وہ ہمارا نام اپنے بچوں کے طور پر رکھے۔ہم ایک ہی نام کی منادی کرتے ہیں ۔یعنی مسیحی جس کا مطلب ہےوہ "مسیح کے پیروکار" اس کا مطلب ہے "مسیح کے پیچھے چلنے والے۔" یسوع ہمارا بڑا بھائی ہے۔اور خدا باپ ہم سب کا باپ ہے ۔کیونکہ ایک خاندان کے طور پر ہم ایک ہی نام اور باپ کی پیروی کرتے ہیں ۔ ہمارا بھائی پولس ہمارے لئےاور افسس کی کلیسیا کے لئے دعا کرتا ہے۔

**آیت16 ا: "کہ وہ اپنے جلال کی دولت کے موافق تمھیں یہ عنایت کرے"**

بخشش ایک تحفہ ہے یہ قرض نہیں ہے۔یہ ایک برکت ہے، جو ہمیں ملتی ہے کسی ایسے شخص سے جس کے پاس بہت ہو اس شخص کے لئے جس کے پاس تھوڑا ہو۔جب میری بیٹی لوئسی کو پیسوں کی ضرورت ہوتی ہےاس جانتی ہے وہ مجھے پکار سکتی ہےاور کہہ سکتی ہے کہ "مجھے 50 ڈالر کی ضرورت ہے"اور وہ جانتی ہے کہ میں اسے دے دونگا۔کیونکہ میرے پاس 50 ڈالر ہیں اور مجھے اس پر بھروسہ ہے کہ میری بیٹی اسے صحیح جگہ پر استعمال کرئے گی۔اگر میری بیٹی لوئسی مجھے بولائے اور کہے کہ مجھے 50 ہزار ڈالر کی ضرورت ہے ۔

تو میں اسے کہوں گا ،نہیں!کیونکہ میرے پاس یہ رقم نہیں ہے۔لیکن خدا اپنے بچوں کو کشادہ دلی سے عنایت کرتا ہے۔میں یہاں پرپیسوں کی بات نہیں کررہا۔اگرچہ خدا آپ کو امیر بنانے کا وعدہ نہیں کرتا ۔خدا آپ سے یہ چاہتا ہے کہ آپ کے پاس اتنے پیسے ہوں کہ آپ اپنے خاندان کی پرورش کر سکیں اور اپنی گاڑی میں پٹرول ڈلوا سکیں اور اپنے گھر کا کرایہ دے سکیں۔لیکن پولس ان برکتوں کے لئے دعا کرتا ہےجو کہ مالی نہیں ہیں۔اب ہم نقتہ نمبر 2 کی طرف دیکھیں گے۔

## 2۔باپ کس طرح کلیسیا کو برکت دیتا ہے۔


**آیت 16 ب: کہ تم اس کے روح سے باطنی انسانیت میں بہت ہی زور آور ہو جائو۔**

پولس خدا باپ سے دعا کرتا ہے کہ وہ کلیسیا کو بخشش کی برکت دے۔اور یہ ایک بڑی برکت ہے۔ وہ خدا سے دعا مانگتا ہے کہ وہ افسس کے بہن بھائیوں کو بڑی برکت دے۔ان طریقوں سے جن کی ان کو ضرورت ہیں ۔پولس اس مشکلات کو جانتا ہےجو کہ افسس کے لوگوں کے لئے ہے۔اور یہی مشکلات آج ہمارے لئے بھی ہے۔

افسس کے مسیحی اس شہر میں ہیں جہاں پر لوگ بتوں کی پوجا کرتے ہیں وہ ایک ایسا شہر ہے،جہاں لوگ یہ کہنا بلکل پسند نہیں کرتے کہ خدا راہ حق اور زندگی ہے ۔یہ ایک بیرونی خطرہ ہے۔ اور ان کا ایک اندرونی مسائل بھی ہے جوکہ ان کے گناہ ہیں۔اور جیسے ہی وہ کوسش کرتے ہیں خدا کے حکم ماننے کی اپنی سوچ سے باتوں سے اور اپنے کاموں سے ویسے ہی ہمارے گناہ ہمیں اکٹھے رہنے میں مشکل پیدا کرنے لگتے ہیں ،ہمارے بہن بھائیوں کے ساتھ رہنے میں،کیا میں ٹھیک کہہ رہا ہو؟ کبھی کبھار یہ بھی ہمارے لئےمشکل ہو جاتا ہے اپنے شوہر یا بیوی سے پیار کرنا،مسیح ہمیں اپنے دشمنوں سے بھی پیار کرنے کو کہتا ہے۔سب کچھ ،سچ میں میرے لئے مشکل ہو جاتا ہے،میرے دوستو!

ہمارے اندر اتنی قوت نہیں ہے کہ ہم اپنے اندر کے گناہ کو شکست دے سکیں ۔ہمارے اندر اتنی قوت نہیں کے ہم خدا سے محبت کر سکیں یا پھر اپنے اردگرد لوگوں سے جس طرح ہمیں محبت کرنی چاہیے۔اس لئے ہمیں ایسی قوت کی ضرورت ہے جوکہ خدا کی طرف سے آتی ہے میں نے یہ تصویر بنائی ہے تاکہ ہمیں پولس کی دعائوں کے مختلف پہلوئوں کی وضاحت ہو سکے۔

میں یہ تصویر آپ کو دکھائوں گا اور ہم پولس کی دعا کے مختلف پہلوئوں کی طرف دیکھیں گے تاکہ ہم دعا میں قوت حاصل کرسکیں جو کہ ہمیں خدا کی طرف سے ملتی ہے۔




**آیت 17 ا: "اور ایمان کے وسیلہ سے مسیح تمہارے دِلوں میں سکونت کرے۔"**

دوسری چیز جنس کے لئے پولس دعا کرتا ہے وہ یہ ہے کہ مسیح ہماری دلوں میں رہے اور بڑھے یہاں پر جو لاطینی لفظ" کیٹاکیو"ہے وہ یہ ہے "پاروکیوس"جس کا مطلب ہے وہ شخص جو آئےاور چلا جائے یا غیر ہویاکسی دوسری جگہ سے آیا ہو۔

اعمال7: 29

اعمال29:7"موسیٰ یہ بات سُن کر بھاگ گیا اور مِدیا ن کے ملک میں پردیسی رہاکیا اور وہاں اُس کے دو بیٹے پَیدا ہُوئے۔"

"موسیٰ مدیان میں 40 سال رہا۔لیکن وہ اصل میں اس کا گھر نہیں تھا،وہ ہمیشہ سے ایک دوسری جگہ سے آیا ہوا ایک اجنبی تھا،وہ وہا ں پر کبھی بھی شہری نہیں بن پایا، آپ میں سے کچھ لوگ اس حالت میں ہیں۔ کیا میں ٹھیک کہہ رہا ہوں۔"
آپ یہا ں یو –ایس –اے میں رہ رہے ہیں۔لیکن آپ یہاں کہ شہری نہیں ہیں ۔آپ کا پاپورٹ پاکستانی ہے یا مصری ہے یا اور ملک سے،آپ "پاروئیکوس"ہیں۔جب یو –ایس –کے شہری بن جائیں گے تب آپ کو یو –ایس پاس پورٹ مل جائے گا ،جو کہ ثابت کرے گا کہ "(کاٹوئیو)" ہیں۔ لاطینی زبان کا لفظ یہ ہے کہ کوئی کسی جگہ مستقل طور پر رہے،ایک رہائشی،۔نہ کہ سیر کرنے والا۔

**اعمال9: 35**

**اعمال35:9"تب لدّہ اور شارون کے سب رہنے والے اُسے دیکھ کر خُداوند کی طرف رجوع لائے۔"**

پولس دعا کرتا ہے کہ مسیح ہمیشہ کے لئے ہمارے دلوں‌میں (کاٹوئیو)رہے۔کیاآپ سوچ سکتے ہیں کہ یہ کتنا شاندار ہے۔اگر آپ مسیح کے پیروکار ہو،تو مسیح سیر کرنے والا نہیں ہے۔وہ کوئی اجنبی نہیں ہے۔یسوع آپ کے اور میرےدل میں ہمیشہ کےلئے رہنا چاہتا ہے۔

کس طرح مسیح آپ کے دل میں رہنے کےلئے آ سکتا ہے؟پولس دعا کرتا ہے "کہ ایمان کے وسیلہ سے مسیح ہمارے دلوں میں رہےگا"۔اس کا کیا مطلب ہے؟ اس کا مطلب ہےکہ ایمان آپ کے دل کا دروازہ ہے۔ مسیح نے اس دروازہ سے داخل ہونا ہے۔لیکن اگر دروازہ بند ہو گا تو مسیح باہر رہے گا۔ وہ آپ کے اندر نہیں آئے گا۔مستقل طور پردل میں رہنے کےلئے

میں نے اپنے دل کا دروازہ 10 سال بند رکھا تھا۔میں ایمان نہیں رکھتاتھا کہ مسیح حقیقت میں ہے،میں دوسری چیزوں پر ایمان رکھتا تھامیں یہ سوچتا تھا کہ پارٹیز اور لڑکیاں ہی خوش رکھ سکتی ہیں۔ میں یہ سوچتا تھاصرف پیسہ اور کامیابی ہی میری زندگی میں سکون لاسکتی ہیں۔

لیکن نہیں! وہ کیا چیزیں ہیں جو آپ کو سکون،خوشی اور تحفظ دے سکتی ہیں ، میں آپنے دوستوں کو جانتا ہو جو جھوٹ بولتے ہیں ۔گناہ کرنے کی عادت اور بتو ں کی پوجا کرنا آپکے دل کے دروازے کو بند رکھتا ہےآپ کی خدا سےآزاد رہنے کی خواہش مسیح کےلئےآپ کے دل کے دروازےکو بند رکھتی ہیں ۔لیکن ہر چیز بدل جاتی ہے جب آپ خدا کو کہتے ہیں کہ تو ہی سچا خدا ہے اورمیرے گناہوں نے مجھے تیرے خلاف باغی بنایا ہے ،میرے گناہوں نے تیرا دل توڑا ہے یہ میرے ہی گناہ تھے جنھوں نے مسیح کو صلیب پر چڑایا،مسیح یسوع کے نام پر اے باپ مجھے معاف کرنا اور مجھے شفا دینا۔

یہی وہ سب ہے جو آپ کو کرنا ہے اپنے کےدل کے دروازے کی چابی ،توبہ اور سچے دل سے اپنے گناہ کا اقرار کرناہے۔روح القدس آپ کو ایمان لانے میں مدد کرے گاکہ صرف مسیح ہی آپ کے گناہ معاف کرسکتا ہےاور ہمیشہ کے لئے آپ کے دل میں آ سکتا ہے۔

میں نے 17 آیت پر زیادہ توجہ دی ہے ۔ کیونکہ اس وقت تک سب کچھ بےاثر ہے جب تک آپ خدا کو اپنے دل میں نہیں آنے دیتے ۔لیکن اگر وہ آتا ہے ،تو آپ اس کے اس وعدے پر خوش ہو سکتے ہیں جو خدا نےآپ کے لئےرکھےہیں۔ اب ہم اگلے نقطے کی طرف دیکھتے ہیں۔

**17(ب)" تاکہ تم محبت میں جڑ پکڑ کے اور بنیاد قائم کر کے"۔**

ایک درخت آندھی یا طوفان میں کھڑا نہیں ہو سکتا اگر اس کی جڑیں مضبو ط نہ ہوں اگر کسی عمارت کی بنیاد کمزور ہے تو وہ زلزلہ میں نہیں کھڑی رہ سکے گی۔ ہماری مثال بھی اسی طرح ہیں ۔ایسی لیے

زبور 1 میں لکھا ہے۔ " مُبارک ہے وہ آدمی جووہ اُس درخت کی مانِند ہو گا جو پانی کی ندیوں کے پاس لگایا گیا ہے۔"

پولس مسیحیوں کے لئے دعا کرتا ہے کہ ہماری جڑیں بھی پیار میں مضبوط ہوں ۔ جڑیں زمین کے اندر جاتی ہیں تا کہ پانی اور غذایت حاصل کر یں۔انہیں طاقت کی ضرورت ہیں تاکہ بڑھ سکیں ،گہری جڑیں چاہیے ،تاکہ طوفانوں کا مقابلہ کر سکیں۔کیا آپ اور میں ایسا کرتے ہیں۔ہم خدا سے قوت حاصل کرتے ہیں، اپنی جڑوں کو خدا کے پیار میں ڈبو کر،اس کے کلام کو پڑھ کر،اتوار کو چرچ جا کر،رفاقت سے لطف اندوز ہو کراور ہر روز شخصی طور پر اور اجتماعی طور پردعا کر کے۔اور ہمیں یہ ہر روز کرنا چاہیے۔

**18(ا) آیت" سب مقدسوں سمیت بخوبی معلوم کر سکو۔"**

پولس دعا کرتا ہے ہمیں خدا کی قدرت اور اس کے پیار کو جاننے کا تجسس رکھنا ہے۔لیکن کیا آپ نے غور کیا کے سب رسولوں کے ساتھ ہم بھی یہ جانتے ہیں۔یہ بہت ضروری ہے کہ پولس ہمیں بتا رہا ہے کہ خداکے پیار کو میں خود سے مکمل طور پر نہیں جان سکتا۔اگر آپ کلیسیا کے کچھ حصہ کے ساتھ ہیں تو آپ خدا کا اور اس کے کلام کا کچھ حصہ ہی جان سکتے ہیں،اور اگر آ پ صرف اپنے جیسے لوگوں کے ساتھ رفاقت رکھتے ہیں۔پالوس بتاتا ہے برکت حاصل کرنے کے لئے ہمیں ایک دوسرے کی ضرورت ہے۔ میں آپ سب کو جانتا ہوں اسلئے میں خدا کو بھی زیادہ جانتا ہوں، کیونکہ یہاں پر جاننے کے لئے بہت کچھ ہے۔

**18(ب)آیت" کہ اس کی چوڑائی اور لمبائی اور اونچائی اور گہرائی کتنی ہے ۔"**

دائیں سے بائیں کتنا دور ہے؟کیا آپ مشرق سے مغرب یا شمال سے جنوب تک کا فاصلہ ناپ سکتے ہیں؟کائنات کتنی بڑای ہے؟ہم اسے ناپ نہیں سکتے۔یہاں پر یہ ہی سب کچھ پالوس ہمیں مسیح کی محبت کے بارے میں بتا رہا ہے۔ جتنا ہم سوچتے ہیں اسکی گہرائی اور چڑائی اس سے زیادہ ہے۔خدا چند لوگوں کو پیار نہیں کرتا جو ایک نسل سے ہیں یا جو ایک زبان بولتے ہیں۔ساری تاریخ میں خدا کا ایک ہی منصوبہ رہا ہے،انسان کو خدا کی بادشاہی میں شامل کرنا۔خدا کا پیار ہماری سوچ سے زیادہ اونچا اور گہرا ہے۔زمین پر کوئی ایسا گنہگار نہیں ہے ،جس کے گناہ بخشے نہ جاسکیں۔آپ خدا کا ہر ایک قانون توڑ سکتے ہیں سیکڑوں دفعہ، اور مسیح کا خون آپ کے گناہوں‌کو دھونے کےلئے اور آ کو پاک کرنے کےلئے کافی ہو گا اگر آپ سچے دل سے خدا سے معافی مانگیں اور مسیح پر بھروسہ رکھیں۔

اس حقیقت سے ہمیں دلیری اور حوصلہ دیتی ہےکہ ہم اپنے اردگرد سب لوگوں کو مسیح کے پیار کے بارے بتا سکیں ۔کیونکہ ۔۔۔۔۔۔

**19(ا)" اور مسیح کی اس محبت کو جان سکو جو جاننے سے باہر ہے۔"**

مسیح کی محبت ہماری زندگیوں کی بنیاد اور جڑ ہے۔مسیح کی محبت ہمیں طاقت دیتی ہےکہ ہم دوسروں کے ساتھ بھی محبت کر سکیں۔ہم دعا کرتے ہیں کہ جب ہم چرچ کا آغاز کریں گے تو ہمارے ساتھ کافی لوگ ہوں گے۔وہ ہمیں دعا کرتے، گاتے ہوئے اور پرستش کرتے ہوئے دیکھیں گے۔انہیں ہمیں ،ایک دوسرے کو پیار کرتے،خدمت کرتے اور برکت دیتے ہوئے دیکھنا چاہیے۔جب وہ ہمیں ایسے دیکھیں گے تو مسیح کی محبت کا ذائقہ لیں گے۔ہم مختلف ممالک اور ثقافتوں سے یہاں موجود ہیں۔انسانی

سوچ کے مطابق ہم ایک خاندان نہیں دکھائی دیتے۔لیکن مسیح میں ہم ایک خاندان ہیں،اور مسیح میں ہم ترقی بھی کر رہے ہیں کیونکہ جس چیز کی ہمیں ضرورت ہے خدا ہمیں وہ دے دیتا ہے۔

**19(ب)" تاکہ تُم خُدا کی ساری معموری تک معمور ہو جاؤ۔"**

اگر ہم اس آیت میں فعل دیکھیں تو ہمیں پتا چلتا ہے کہ صرف خدا ہے جو سارے کام کر رہا ہے۔ خدا ہمیں مضبوط کرتا ہے ،اور روح ہمیں زور بخشتا ہے۔اور مسیح ہمارے اندر رہتا ہے۔پوری تثلیث ہمیں برکت دیتے ہوئے دکھائی دیتی ہے۔ہمارا باپ ہمیں روح کے ذریعے ہمیں مسیح کے پیار کے بارے میں بتاتا ہے۔

پالوس ہمیں یہ نہیں کہتا کہ "اپنے آپ کو خداسے بھر لو"بلکہ وہ دعا کرتا ہے کہ "خدا کے ذریعے آپ بھر جائیں" ۔ ہمارا فرض یہ ہے کہ ہم اپنے آپ کو پیش کر کے برکت حاصل کریں۔ہم یہ کیسے کریں؟ یٔقینن یہاں پر کچھ ہے جو کہ خدا چاہتا ہے کہ ہم کریں۔

ایک کام جو ہمیں کرنا ہے وہ ہے دعا۔جو پالوس ہمیں ان آیات میں کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ اور آگے جا کر ہمیں اس خط میں معلوم ہوتا ہے کہ ہمیں اپنے آپ کو پیش کرنے کے لئے کیا کرنا ہے۔

**اِفسیوں5: 18-21**

**افسیوں 5:18(ب)تا 21 بلکہ رُوح سے معمور ہوتے جاؤ۔**

**(19)اور آپس میں مزامیر اور گیت اور رُوحانی غزلیں گایا کرو اور دِل سے خُداوند کے لئے گاتے بجاتے رہا کرو۔**

**(20)اور سب باتوں میں ہمارے خُداوند یسوع مسیح کے نام سے ہمیشہ خُدا باپ کا شُکر کرتے رہو۔**

**(21)اور مسیح کے خَوف سے ایک دُوسرے کے تابِع رہو۔ ۔**

یہاں پر کچھ تجاویز ہیں کہ ہمیں کلیسیا کا بھائی یا بہن ہوتے ہوئے کیا کرنا ہے۔میرے دوستو!ہمیں ایک دوسرے کی مدد،حوصلہ افزائی اور ایک دوسرے کا سہارا بننا ہے۔ہمیں یہ کام اس وقت کرنا ہے جب خدا کا روح ہم میں کام کر رہا ہو۔اس کہ نتیجہ میں ہماری کلیسیا اور مضبوط اور ترقی کرے گی۔ اور یہی سب کچھ ہے جس کے لئے ہم مل کر دعا کر رہے ہیں ۔

## 3۔ہم دعا کیوں کرتے ہیں۔

پالوس اس سے دعا کرتا ہے جو اکیلاہے اور وہی حیران کن کام کر سکتا ہےجو آج ہم نے دیکھیں ہیں۔ اس کا پیار ہماری سمجھ سے بالا ترہے اور وہ اپنے جلال سے ہمیں معمور کرتا ہے۔پالوس اپنی دعا کا اختتام ان خوبصورت لفظوں سے کرتا ہے۔جو کہ آیت 20 کے آغازمیں بیان کیے گئے ہیں۔

**20(ا)"اب جو ایسا قادر ہے ہماری درخواست اور خیال سے بہت زیادہ کام کر سکتا ہے۔"**

میں اور میری بیوی، ہم دعا کا اختتام 20،21 آیت کو پڑھ کر کرتے ہیں۔یہ آیت خدا پر ہمارے بھروسے کو دکھاتی ہے۔جو ہماری دعاوں کا جواب دیتا ہے۔یہ آیت ہمیں یاد دلاتی ہیں کہ ہم دعا کیوں کرتے ہیں۔ہم اعتماد سے دعا کر سکتے ہیں کیونکہ ہم قدرِ مطلق خدا سے دعا مانگ رہے ہے۔اس کی قدرت اتنی اعظیم ہے کہ صرف ایک لفظ اس کی قدرت کو بیان نہیں کر سکتا۔

پالوس کہنا چاہتا تھا:

جتنا ہم خدا سے مانگتے ہیں خدا  اس سے زیادہ کر سکتا ہے۔

اگر ہم اس کا انگریزی ترجمہ پڑھیں:

تنا ہم خدا سے مانگتے ہیں خدا  اس سےکئی زیادہ کر سکتا ہے۔

جتنا ہم خدا سے مانگتے ہیں خدا  اس سب سےکئی گنازیادہ کر سکتا ہے۔

جتنا ہم خدا سے مانگتے ہیں یا سوچتے ہیں خدا  اس سےبھی بہت زیادہ کر سکتا ہے۔

میرے دوستو ! کیا آپ مانتے ہیں کہ ہمارا باپ ایساکر سکتا ہے۔ہم کیوں دعاکرنا بھول جاتے ہیں،یا دعا میں ہچکچاتے ہیں۔چلیں ہم ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں تا کہ ہم ہر چیز کے لیے دعا کر سکیں۔

**20(ب)" کہ اس قدرت کے موافق جو ہم میں تاثیر کرتی ہے"۔**

یہ آیت دوبارہ سے آیت 15 کی طرف اشارہ کرتی ہے۔جب پالوس دعا کرتا ہے کہ خدا اپنے روح سے آپ کو طاقت بخشے گا۔خدا کا روح ہم میں کام کرتا ہے۔یہ جسمانی طاقت بلکل نہیں ہے۔یہ وہ طاقت ہے جس سے ہم پالوس کی باتوں پر بھروسہ رکھ سکتے ہیں۔جو کچھ پالوس نے ہمیں کہا ہے یہ وہ سب کچھ ہے جو ہمیں اندر سے تبدیل کرتا ہے۔اس سے ہمارا باطنی،ہماراظاہری مزاج اور ہماری زندگیاں تبدیل ہوتی ہیں۔پھر ہماری تبدیل شدہ زندگیاں خداوند کے نام کو جلال دیتی ہیں۔ اس لئے پالوس دعا کرتا ہے۔

**21(ا) ۔کلیسیا میں اور مسیح یسوع میں اس کی تمجید ہوتی رہے۔"**

ہم خدا کے نام کو جلال دیتے ہیں جب ہم انفرادی طور پر اور کلیسیائی طور پر بھی اس کی تعریف اور تمجید کرتے ہیں۔پالوس دعا کرتا ہے کہ خدا کا جلال کلیسیا میں نظر آئے۔ہم یہ دعا نہیں کرتے کہ (ایک آواز کلیسیا )مشہور ہو جائے ۔میں یہ نہیں چاہتا کہ میں مشہور پادری بن جاوں۔ہمیں اپنے آپ کو ظاہر نہیں کرنا۔جب ہم اس کے اصولوں کے مطابق زندگی گزارتے ہیں تو اس کے نام کو جلال ملتا ہے

"روحانی کلیسیا میں ، روحانی قوت صرف روحانی پیار ہی لا سکتا ہے"۔(جان سکاٹ)

**21ب" پشت در پشت اور ابدالآباد۔آمین!"**

تمام نسلیں خدا کی اس وفاداری کو دیکھتی ہیں جو اس نے ہم سے پچھلی نسلوں کے ساتھ کی تھی۔ہمیشہ مستقبل میں ہی دیکھیں۔ہم اپنے آسمانی باپ پر بھروسہ کر سکتے ہیں کہ وہ ہماری آنے والی نسلوں کا بھی باپ بنے۔ ہم بھروسہ رکھتے ہیں کہ ہمارا باپ ہمیں ترقی کرنے میں مدد دے گا اور ہماری ضروریات پوری کرے گا۔پالوس کی دعا کا آخری لفظ ہے آمین!جیسا کہ ہم جانتے ہیں آمین

کا مطلب ہے "ایسا ہی ہو"یا "حقیقت میں"۔مسیح نے کہا:

## یوحنا5: 24

یوحنا:5:24" میں تُم سے سچ کہتا ہُوں کہ جو میرا کلام سُنتا اور میرے بھیجنے والے کا یقین کرتا ہے ہمیشہ کی زِندگی اُس کی ہے اور اُس پر سزا کا حکم نہیں ہوتا بلکہ وہ موت سے نِکل کر زِندگی میں داخِل ہو گیا ہے۔"

یسوع نے دعا کے آغاز میں عبرانی میں آمین آمین کہا یہ بتانے کے لئے کہ وہ سچ بول رہا ہے۔اور پالوس بھی آمین بولتا ہے تاکہ بتا سکے کہ وہ سچ بولتا ہے۔ ہم پالوس کی دعا سے سیکھ سکتے ہیں اور اس کی دعا کو اپنی دعا بنا سکتے ہیں۔اور بھروسہ رکھ سکتے ہیں کہ سچائی کا خدا ہماری دعا ضرور سنے گا۔

## "اب ہم مل کر اس قدرت اور پیار سے بھرے خدا سے دعا مانگیں گے۔"

خداوند یسوع ہمیں تیری ضرورت ہے۔ہم چاہتے ہیں کہ تو ہمارے دلوں میں آ۔اور ہمیں اندر سے تبدیل کر۔ہم چاہتے ہیں کہ تو ہمارے گناہ معاف کر۔اور ہمیں پیار کے ساتھ تبدیل کر۔آسمانی باپ ہمیں روح القدس دے تاکہ ہم گناہ سے انکار کر سکیں۔ہماری مدد کر تاکہ ایک دوسرے سے محبت کر سکیں ۔ جیسا کہ مسیح نے ہم سے کی۔اور اس سے تیرے نام کو جلال مل سکے،ہماری نظروں میں بھی اور دنیا کی نظروں میں بھی۔ہمیں توفیق دے کہ ہم ایک دوسرے سے پیار اور خدمت کر سکیں۔تاکہ پوری دنیا کو پتہ چل سکے کہ تیرے نام میں قدرت پائی جاتی ہے۔اور ہم تجھ سے دعا مانگتے ہیں۔
آمین!

Respond | Rejoice | Reach
onevoicefellowship.org

ONE VOICE
FELLOWSHIP